26 ستمبر 2018

حکومتی وصولیوں / ڈیوٹیوں / ٹیکسوں کی وصولی میں سہولت کے لیے بینک کی متعلقہ برانچیں 29 اور 30 ستمبر 2018ء کو کھلی رہیں گی

حکومتی وصولیوں / ڈیوٹیوں / ٹیکسوں کی وصولی میں سہولت دینے کے لیے فیصلہ کیا گیا ہے کہ نیشنل بینک آف پاکستان (این بی پی) کی منظورہ شدہ برانچوں کے ساتھ ساتھ ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (ایس بی پی بی ایس سی) کے فیلڈ دفاتر 29 اور 30 ستمبر 2018ء (یعنی بروز ہفتہ اور اتوار) کو کھلے رہیں گے۔

این بی پی کی منظور شدہ برانچیں اور ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (ایس بی پی بی ایس سی) کے فیلڈ دفاتر بینکاری تمسکات (instruments) اور نقد رقوم اپنے کاؤنٹرز پر 29 ستمبر 2018ء (بروز ہفتہ) شام 6 بجے تک وصول کریں گے۔ اس مقصد کے لیے نفٹ (NIFT) کی جانب سے سہ پہر 4 بجے خصوصی کلیئرنگ کا اہتمام کیا جائے گا۔

اسی طرح، صرف حکومتی وصولیوں / ڈیوٹیوں / ٹیکسوں کی وصولی کے لیے این بی پی کی منظور شدہ برانچوں کے ساتھ ساتھ ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (ایس بی پی بی ایس سی) کے فیلڈ دفاتر 30 ستمبر 2018ء (بروز اتوار) رات 8 بجے تک کھلے رہیں گے۔ اس مقصد کے لیے نفٹ خصوصی کلیئرنگ کا اہتمام شام 6 بجے کرے گا اور این بی پی کی برانچیں اپنے لین دین کی چکتائی (settle) ایس بی پی بی ایس سی کے متعلقہ فیلڈ دفاتر / ہیڈ آفس سے اسی دن یعنی 30 ستمبر 2018ء کو رات 10 بجے تک کر سکیں گے۔

لہٰذا تمام بینکوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ 29 اور 30 ستمبر 2018ء (یعنی ہفتہ اور اتوار) کو اپنی متعلقہ برانچیں اس وقت تک کھلی رکھیں، جو نفٹ کی جانب سے مذکورہ اسپیشل کلیئرنگ میں سہولت دینے کے لیے ضروری ہے۔

****